262

# اُمِ حسینؑ اُمِ ابیہاؑ

اُمِ حسینؑ اُمِ ابیہا ہے فاطمہؑ
اللہ ہے کریم کریمہ ہے فاطمہؑ
مولائے کائناتؑ کی دنیا ہے فاطمہؑ

اللہ لا شریک ہے یہ بات ٹھیک ہے
ایوانِ لاشریک کا حصہ ہے فاطمہؑ

ستر ہزار نوری حجابوں میں جو رہی
مریمؑ کو بھی یہ شان میسر نہیں ہوئی
معراج میں رسولؐ کو سدرا پہ یہ ملی

اللہ نے نبیؐ سے یہ معراج میں کہا
میری طرف سے آپ کو تحفہ ہے فاطمہؑ

رحمت لقب رسولؐ تو رحمت نسب ہے یہ
نسلِ محمدیؐ کی بقا کا سبب ہے یہ
مخدومہِ عجم ہے ،وقارِ عرب ہے یہ

اسلام اِسکی گود میں حسنینؑ بن گیا
اسلام کے نصیب کی مولا ہے فاطمہؑ

کعبہ سمجھ کے اِسکو ستارے کریں طواف 262
ہے اِس کے سر پہ چادرِ تطہیر کا غلاف
اِک پل کو بھی کسی کے یہ ہو جائے گر خلاف
دوزخ کی شہریت کا وہ حقدار ہو گیا
جس نے بھی تیرے دل کو دُکھایا ہے فاطمہؑ

جو ہے عمل نبیؐ کا وہ نیت خدا کی ہے
تسبیحِ فاطمہؑ میں شراکت خدا کی ہے
اِن پر درود کیا ہے عبادت خدا کی ہے
تعظیم کر رہے تھے نبیؐ اس خیال سے
کارِ پیمبری کا وسیلہ ہے فاطمہ

اُترا جو اِن کے در پہ ستارا تو یہ کھُلا
دربارِ لامکان ہے دہلیزِ فاطمہؑ
ہوتا ہے رزقِ نور بھی اِس در سے ہی عطا
اِس در پہ سر جھکا ہوا عرشِ بریں کا ہے
در اصل عرش و فرش کی ملکہ ہے فاطمہؑ

آئی جو بات لب پہ وہ قرآن بن گئی
ایمانِ کُل کی فاطمہؑ ایمان بن گئی
ہر مجلسِ حسینؑ کی مہمان بن گئی
کیا خوف کیا خطر ہے عزادارِ شاہ کو
محشر میں ماتمی کا سہارا ہے فاطمہؑ

قائل ہے جو ولایتِ نفسِ رسولؐ کا
آنچل ہے اُس کے سر پہ حجابِ بتولؑ کا
لاریب وقت ہے وہ دعا کے قبول کا
جس وقت کوئی فرشِ ولا پر دعا کرے
کہتی ہے خود دعا تیرا سایہ ہے فاطمہؑ

رضوانؔ یہ ثنائے جنابِ بتولؑ ہے
اِس میں نہاں ضرور ریحانؔ رسولؐ ہے
میری دعا اِسی کے سبب سے قبول ہے
تیری عطا ہے ترا کرم ہے اِسی لئے
ہر پھول منقبت کا مہکتا ہے فاطمہؑ